فہمِ ختمِ نبوت خط کتابت کورس

عبداللطیف خالد چیمہ *

برصغیر میں انگریز سامراج کے گہرے تسلط کے خاتمے، عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ اور فتنۂ قادیانیت کے استیصال کے لئے ۱۹۲۷ء میں مجلس احرارِ اسلام کے قیام کا مشورہ ہوا، ۱۹۲۹ء میں باقاعدہ قیام عمل میں لایا گیا، ۲۱ تا ۲۳ اکتوبر ۱۹۳۴ء قادیان میں شعبۂ تبلیغ، تحفظ ختمِ نبوت کے نظم میں ''ختمِ نبوت کانفرنس'' کا انعقاد کر کے منکرین ختم نبوت کو بے نقاب کیا گیا، عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ کا فریضہ ادا کرنے کے لئے ۱۹۳۴ء اور ۱۹۵۳ء کی تحاریک کو جنم دیا اور قائدانہ کردار ادا کیا۔ جب کہ ۱۹۷۴ء اور ۱۹۸۴ء کی تحاریکِ میں بھی بھرپور حصہ لیا اور نہایت مؤثر جدوجہد کی اور اِس کام کو دنیا میں پھیلایا۔ اب ایک ذریعہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ طلباء اور پڑھے لکھے افراد تک گھر بیٹھے رسائی حاصل کر کے انھیں اِس کام کی آگاہی دی جائے نیز ختمِ نبوت کورسز کا ایک نیٹ ورک قائم کیا جا رہا ہے جس کا دائرہ اِن شاءاللہ تعالیٰ دنیا کے ہر اُس خطے تک پھیل جائے گا جہاں جہاں قادیانیت پہنچی ہے۔

تلہ گنگ مجلس احرارِ اسلام کا قدیم مرکز ہے مرکزی دفتر اور مرکزی قیادت کے مشورے اور تعاون سے یہاں سے ملک بھر کے لئے ایک فہمِ ختمِ نبوت خط کتابت کورس شروع کیا جا رہا ہے۔ اِس کورس کے اغراض ومقاصد عقیدۂ ختمِ نبوت کا تحفظ، نسلِ نو کو انکارِ ختمِ نبوت کے فتنوں سے آگاہی، عصر حاضر میں تحفظ ختمِ نبوت کے تقاضوں کے مطابق ذہن سازی، عصری ودینی تعلیمی اداروں اور پڑھی لکھی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور عامۃ الناس کو دین وملت اور مسلمانوں کے خلاف قادیانی ریشہ دوانیوں سے آگاہی، رجال کار کی تیاری اور دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کو ملحوظ رکھ کر ذہن سازی، بین الاقوامی طاقتیں لابیاں اور ادارے کس طرح ہمارے وطن وسیاست پر اثر انداز ہو رہے ہیں اور قادیانیوں کی پُشت پناہی کے جال کیسے بُنے جا رہے ہیں؟ شعبۂ صحافت اور جدید ذرائع ابلاغ سے آگاہی ہے۔ کورس کا آغاز ان شاءاللہ تعالیٰ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ جنوری ۲۰۱۱ء سے ہوگا۔ سادہ کاغذ یا ذاتی لیٹر پیڈ پر درخواست بنام فہمِ ختمِ نبوت خط کتابت کورس (دفتر مجلس احرار اسلام جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق ''رضی اللہ عنہ'') محلّہ صدیق اکبر، تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال کے پتہ پر ارسال کر دی جائے اور ضروری معلومات کے لئے ڈاکٹر محمد عمر فاروق (0300-5780390) یا مولانا تنویر الحسن (0300-4716780) سے ہی رابطہ کیا جائے۔

* مرکزی ناظمِ اعلیٰ مجلس احرارِ اسلام پاکستان